## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی ڈاکٹر فاروق ستار سے فون پر انکے والد کے انتقال پر تعزیت

کراچی ۔۔۔14، اپریل 2008ء ۔۔۔وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کو فون کرکے سے ان کے والد عبدالستار پیروانی کے انتقال پر تعزیت کی۔وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ڈاکٹر فاروق ستار سے اپنے گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالستار پیروانی مرحوم کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے۔

## مختلف سیاسی وسماجی شخصیات اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ڈاکٹر فاروق ستار سے تعزیت

تعزیت کرنے والوں میں قائدحزب اختلاف چوہدری پرویزالہیٰ، پیپلزپارٹی کے سیکریٹری جنرل جہانگیر بدر، امیر جماعت اسلامی قاضی حسین احمد، سندھ اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر محترمہ شہلا رضا، پیپلزپارٹی کی رہنما فوزیہ وہاب، نفیس صدیقی اور صنعتکار، تاجر، سماجی رہنماء اور مختلف شعبہء زندگی سے تعلق رکھنے والے کئی افراد شامل ہیں

کراچی ۔۔۔14، اپریل 2008ء ۔۔۔ملک کی مختلف سیاسی وسماجی شخصیات اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ان کے والد عبدالستار پیروانی کے انتقال پر فون پر تعزیت کی اور اپنے گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا۔تعزیت کرنے والوں میں قومی اسمبلی میں قائدحزب اختلاف چوہدری پرویزالہیٰ، پیپلزپارٹی کے سیکریٹری جنرل جہانگیر بدر، جماعت اسلامی کے امیر قاضی حسین احمد، سندھ اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر محترمہ شہلا رضا، پیپلزپارٹی سندھ کے سیکریٹری جنرل نفیس صدیقی اور صنعتکار، تاجر، سماجی رہنماء اور مختلف شعبہء زندگی سے تعلق رکھنے والے کئی افراد شامل ہیں۔پیپلزپارٹی کی رہنما اور رکن قومی اسمبلی محترمہ فوزیہ وہاب اور کئی دیگر شخصیات نے ڈاکٹر فاروق ستار کی رہائش گاہ پہنچکر ان سے ان کے والد کے انتقال پر تعزیت کی۔

## تحریک کیلئے عبدالستار مرحوم کی قربانیاں فراموش نہیں کی جاسکتیں، الطاف حسین

## دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان سوگواران کے غم میں برابر کے شریک ہیں

## ڈاکٹر فاروق ستار سے ان کے والد کے انتقال پر ٹیلی فون پر اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔14، اپریل 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار سے ان کے والد عبدالستار پیروانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔پیر کے روز ڈاکٹر فاروق ستار سے ٹیلی فون پر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ عبدالستار مرحوم تحریک کے مشفق بزرگ تھے اور ایم کیوایم کی تحریک میں ان کی قربانیاں فراموش نہیں کی جاسکتیں۔انہوں نے ڈاکٹر فاروق ستار سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم نے تمہاری خاطر بہت مصائب ومشکلات کا سامنا کیا اور جب تم اڈیالہ جیل میں قید وبند کی صعوبتیں برداشت کررہے تھے تو وہ کراچی سے طویل سفر طے کرکے اڈیالہ جیل جایا کرتے تھے۔جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر فاروق ستار کو دلاسہ دیتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر فاروق ستار سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ڈاکٹر فاروق ستار کے والد کو آج بعد نماز عصر یاسین آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا

## نماز جنازہ کے ایم سی گراونڈ پی آئی بی کالونی میں ادا کی جائے گی

## ایم کیوایم کے ذمہ داران کو کارکنان کی بڑی تعداد مرحوم کی رہائش گاہ پر پہنچ گئی

کراچی ۔۔۔14، اپریل 2008ء ۔۔۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی کو آج بعد نماز عصر یاسین آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔مرحوم کی نماز جنازہ پی آئی بی کالونی کے کے ایم سی گراونڈ میں ادا کی جائے گی اور بعدازاں انہیں یاسین آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا جائے

گا۔ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان کی جانب سے مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین کے انتظامات کی نگرانی کی جارہی ہے۔دریں اثناء ڈاکٹر فاروق ستار کے والد کے انتقال کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست اراکین اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان اور ہمدرد عوام کی بڑی تعداد مرحوم کی رہائش گاہ واقع پی آئی بی کالونی پہنچ گئی ہے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار نور محمد پیروانی کراچی میں انتقال کر گئے

## رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کا فاروق ستار سے اظہارِ افسوس

کراچی۔۔۔14، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار نور محمد پیروانی آج کراچی میں رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔تفصیلات کے مطابق عبدالستار نور محمد پیروانی مرحوم کی عمر 84 سال تھی اور وہ حسب معمول گزشتہ شب سوئے لیکن صبح 10 بجے جب وہ معمول کے مطابق نہیں اٹھے تو انہیں اہل خانہ نے انہیں نیند سے بیدار کرنے کی کوشش کی جب وہ نہیں جاگے تو ڈاکٹر کو بلوایا گیا جنہوں نے چیک اپ کے بعد ان کے انتقال کی تصدیق کردی۔عبدالستار مرحوم کے سوگواران میں بیوہ محترمہ فاطمہ بائی، ڈاکٹر فاروق ستار، بیٹیاں محترمہ نسیم ستار، نسرین ستار اور ناہید ستار شامل ہیں۔دریں اثنا متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین نے ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار نور محمد پیروانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے علیحدہ علیحدہ تعزیتی بیانات میں انہوں نے ڈاکٹر فاروق ستار سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## پارلیمنٹ لاجز اسلام آباد میں حق پرست اراکین قومی اسمبلی کا تعزیتی اجلاس، ڈاکٹر فاروق ستار کے والد کے لئے فاتحہ خوانی کیگئی

اسلام آباد۔۔۔14، اپریل 2008ء۔۔۔پارلیمنٹ لاجز اسلام آباد میں حق پرست اراکین قومی اسمبلی کا ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا جس میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبل میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار نور محمد پیروانی کے انتقال پر دعائے مغفرت اور فاتحہ خوانی کی گئی۔تعزیتی اجلاس میں حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے ڈاکٹر فاروق ستار سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکن معظم شہباز شہید کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، اراکین صوبائی اسمبلی

کراچی۔۔۔14، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-67 کے کارکن معظم شہباز کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں اراکین صوبائی اسمبلی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے کارکنان نے شہر، صوبے اور ملک کے امن کی خاطر ہر قربانی دی ہے اور آئندہ بھی کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔انہوں نے کہا کہ جو عناصر ایم کیوایم پر شہر کا امن خراب کرنے اور ہنگامہ آرائی کے جھوٹے اور بے بنیاد الزامات عائد کرتے نہیں تھک رہے وہ عوام کو جواب دیں کہ ایم کیوایم کے معصوم وبے گناہ کارکنان کو کیوں بیدردی سے قتل کیا جارہا ہے اور کون لوگ یہ عمل کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکن معظم شہباز کا بہیمانہ قتل شہر کا امن خراب کرنے کی سازشوں کا حصہ ہے جسے ایم کیوایم کے کارکنان وعوام صبر وتحمل کا مظاہرہ کرکے انشاء اللہ ناکام بناتے رہیں گے۔اراکین سندھ اسمبلی حکومت سے مطالبہ کیا کہ معظم شہباز کے بہیمانہ قتل میں ملوث مسلح دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرارواقعی دی جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرارواقعی سزا دی جائے۔

## لیبر ڈویژن کے کارکنان نائن زیرو پر حفاظتی انتظامات سنبھالنے کیلئے رضاکارانہ خدمات پیش کرتے ہیں، مظہر حسین

## لیبر ڈویژن کے جانثار کارکنان نائن زیرو کے تقدس کو پامال ہونے سے بچانے کیلئے 24 گھنٹے غیر معینہ مدت کیلئے موجود رہیں گے

کراچی ۔۔۔14، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظہر حسین نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایم کیوایم کے اپوزیشن میں بیٹھنے کے فیصلے کے اعلان کے بعد سندھ گورنمنٹ نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر موجود حق پرست اراکین سینیٹ، قومی وصوبائی اسمبلی کی سیکورٹی کو نائن زیرو سے فوراً واپس بلوالیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے لاکھوں چاہنے والے خصوصاً لیبر ڈویژن کے کارکنان نائن زیرو پر حفاظتی انتظامات سنبھالنے کیلئے نہ صرف اپنی رضا کارانہ خدمات پیش کرتے ہیں بلکہ ضرورت پڑنے پر وہ اپنی جانوں کا نذرانہ بھی پیش کرنے سے دریغ نہیں کریں گے۔ انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ قوم کا بچہ بچہ اور نوجوان بالخصوص لیبر ڈویژن کے جانثار کارکنان نائن زیرو کے تقدس کو پامال ہونے سے بچانے کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کیلئے 24 گھنٹے غیر معینہ مدت کیلئے موجود رہیں گے۔ مظہر حسین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اپیل کی کہ وہ اپنی صحت کا خیال رکھیں اور ایم کیوایم کے کارکنان ہر قسم کی قربانیاں دینے کیلئے تیار ہیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی کو عزیز آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا
## مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، سٹی ناظم، حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سیاستداں، صنعتکار، تاجر اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کراچی ۔۔۔14، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی کو ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ اس سے قبل مرحوم کی نماز جنازہ پیر الہیٰ بخش کالونی کے KMC گراؤنڈ میں ادا کی گئی جس میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، شیخ لیاقت حسین، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، عادل صدیقی، اشفاق منگی، ڈاکٹر عاصم رضا، ڈاکٹر نصرت، شاہد لطیف بابر خان غوری، سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کے علاوہ صنعتکاروں، تاجروں، فنکاروں، ٹریڈ یونین سے وابستہ افراد، ٹرانسپورٹرز، صحافی، ادیب، قلمکار، وکلاء، ڈاکٹرز اور اعلیٰ سرکاری حکام کے علاوہ مختلف مسالک سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، سماجی کارکنان، مرحوم کے عزیز و اقارب کے اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ممتاز شہریوں، عمائدین شہر نے شرکت کی۔ نماز جنازہ کھتری مسجد پی آئی بی پیش امام غلام قمرالدین چشتی سیالوی نے پڑھائی جہاں کے عبدالستار پیروانی مستقل نمازی تھے۔ نماز جنازہ کے شرکاء میں جماعت اسلامی کے مرکزی سیکریٹری جنرل منور حسین، جماعت اسلامی کے سابق رکن سندھ اسمبلی نصر اللہ شجیع، جماعت اسلامی کے مقامی رہنما حافظ نعیم، سابق نگراں وفاقی وزیر بیرسٹر حبیب الرحمٰن، ٹرانسپورٹرز خالد خان، ملک ریاض احمد، الیکٹرونکس ڈیلر ایسوسی ایشن کراچی کے صدر محمد عرفان، صنعتکار زبیر موتی والا، سراج تیلی، مسعود پاریک، کراچی پریس کلب کے صدر نجیب احمد، سینئر صحافی، کھیل کی معروف شخصیت سراج الاسلام، ڈی آئی جی سندھ اے ڈی خواجہ سیاسی تجزیہ نگار یوسف خان، ممتاز علمائے کرام علامہ محمد عون نقوی، علی کرار نقوی، اطہر حسین مشہدی، مولانا قاری عبدالحئی، یعقوب عطاری، شمیم بابر عطاری، حق پرست سینیٹرز، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین، اندرون سندھ زونل کمیٹیوں کے اراکین، کراچی کی سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی مرحوم کا سوئم بدھ کو بعد نماز عصر تا مغفرت پی آئی بی سوسائٹی ہال میں ہوگا

کراچی ۔۔۔14، اپریل 2008ء،،، متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی مرحوم کا سوئم 16، اپریل بدھ کو بعد نماز عصر تا مغرب پی آئی بی سوسائٹی ہال میں ہوگا جبکہ خواتین کیلئے سوئم کا اہتمام مرحوم کی رہائشگاہ واقع پی آئی بی کالونی میں کیا جائے گا۔ سوئم کے اجتماع میں عبدالستار پیروانی مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام کل کراچی اور حیدرآباد میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوں گے

## اجلاس سے الطاف حسین فکرانگیز اور اہم ٹیلی فونک خطاب فرمائیں گے

کراچی۔۔14اپریل2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام کل بروز منگل مورخہ 15اپریل2008ء شام 5 بجے کراچی اور حیدرآباد میں ایم کیوایم کے جنرل ورکرز اجلاس منعقد کئے جائیں گے۔کراچی میں کارکنان کا اجلاس عزیز آباد کے تاریخی جناح گراؤنڈ جبکہ حیدرآباد میں پکا قلعہ گراؤنڈ میں منعقد ہوگا۔جنرل ورکرز اجلاس سے قائد تحریک جناب الطاف حسین لندن سے اہم اور فکرانگیز ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے کراچی اور حیدرآباد میں ہونے والے جنرل ورکرز اجلاس کے انتظامات کی تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔

## ایم کیوایم بلوچستان کے زیر اہتمام کوئٹہ میں تعزیتی اجتماع

## ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ۔۔۔14،اپریل2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان زیر اہتمام ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی دفتر میں تعزیتی اجتماع منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔فاتحہ خوانی میں ایم کیوایم بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج یوسف شاہوانی،آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان،علاقائی ذمہ داران اور کارکنان نے شرکت کی۔دریں اثناء ایم کیوایم بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆